Model Paper

درجہ:ششم (6th) مضمون:اردو

وقت: دو گھنٹہ کل نمبر:75

1- مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر سوالوں کے جواب دیں۔ 10

جسم مئں سرایت کرنے کے بعد وائرس زیادہ اعصابی نظام پر اثر کرتا ہے۔ وائرس یا تو براہ راست اعصابی رگوں کے ذریعے یا پھر خون کے ذریعے حرام مغز اور دماغ میں پہنچ کر ان کے خاکستری رنگ کے مادّے خلیوں میں نشونما پاتے ہیں۔ اعصابی خلیے سوزش سے پھول جاتے ہیں اور وہ جن عضلات کو قابو کرتے ہیں وہ مفلوج ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ اعصاب جلد صحیاب ہو جائیں تو عضلات بھی دوبارہ ٹھیک ہو جاتے ہیں لیکن اگر وائرس ان خلیوں کو ہلاک کر دیں تو اعصاب سے وابستہ عضلات ہمیشہ کے لئے ناکارہ ہو جاتے ہیں۔

(i) وائرس جسم میں پہنچنے کے بعد عام طور پر کس نظام پر اثر ڈالتے ہیں؟

(ii) وائرس کن راستوں سے حرام مغز یا دماغ میں پہنچتے ہیں؟

(iii) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھیے۔

(iv) وائرس دماغ میں پہنچ کر کہاں نشونما پاتے ہیں؟

(v) اعصاب سے وابستہ عضلات ہمیشہ کے لئے کب اور کیسے ناکارہ ہو جاتے ہیں؟

2- مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ 6

غل مچانا توانا آمدورفت آلودہ انتخاب نشونما

3- مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 8

دارومدار ہونا عجب سوکھ کر کانٹا ہونا دستک دینا

4- واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔ طبیب خُلق نعل موقع شہید واقعہ 6

5- الفاظ کی ضد لکھیے۔ مسافر مشرق داخل رعایا کثرت عام 6

6- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں پانچ کے جواب تحریر کیجیے۔ 10

(i) اللہ نے قرآن میں فضول خرچ کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

(ii) نبی ﷺ کی پوری زندگی کیسے گزری؟

(iii) گندے پانی کے استعمال سے کون کون سی بیماریاں پیدا ہو سکتی ہیں؟

(iv) بزرگ نے بادشاہ کے لئے اللہ سے کیا دعا مانگی تھی؟

(v) اچھی صحت کے لیے کیا کیا چیزیں ضروری ہے؟

(vi) زبیدہ خاتون کا اصلی نام کیا تھا اور انہوں نے کون سا کارنامہ انجام دیا؟

7- اپنی درسی کتاب سے یاد کئے ہوئے کوئی دو شعر لکھو۔ 2

8- مندرجہ ذیل عبارت میں مہمل اور موضوع لفظ کو چھانٹ کر الگ کرو۔ 3

خالد نے اپنے دوستوں سے کہا چلو زید کے گھر ور چلتے ہیں۔ وہاں کچھ چائے وائے پی جائے۔ اور کچھ بات شات کی جائے تاکہ دماغ وماغ فریش ہو اور اگر بات بنے تو کہیں گھوما وما جائے۔

یا

دیئے گئے جملہ میں سے فعل، فاعل اور مفعول چھانٹ کر لکھو۔ امی روٹی پکاتی ہیں۔

9- مندرجہ ذیل جملوں سے کلمہ کی قسموں کو چھانٹ کر لکھئے اور ان میں سے کنہیں دو کی تعریف لکھئے۔ 5

زینب نے سلمی کو خط لکھا۔

10- اپنے صدر مدرس کے نام دو دنوں کی چھٹّی کے لیے یا فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ 4

11- مرکب اضافی کی تعریف لکھیے۔ مندرجہ ذیل جملے میں سے مضاف اور مضاف الیہ چھانٹ کر لکھو۔ 5

ناصر کے کتب خانہ کی چابی اور سلمی کا پرس کمرے کی الماری میں ہے۔

12- ''بد'' لگا کر تین الفاظ بنائیے اور ''خواہ'' لگا کر تین الفاظ بنائیے۔ 6

13- نظم ''کفایت شعار'' کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔ 4